

# کھیـــــل

کھیلوں کی سرگرمیوں میں ہماری کامیاباں درج ذیل ہیں:

## ہاکی

- جونیئر ہاکی ٹیم نے نیشنل ہاکی چیمپیئن شپ جیتی
- سینئر ہاکی ٹیم نیشنل ہاکی چیمپیئن شپ میں دوسرے نمبر پر رہی
- سینئر ہاکی ٹیم، چیف نیول اسٹاف ہاکی ٹورنامنٹ کی فاتح رہی
- سینئر ہاکی ٹیم، چیف نیول اسٹاف ہاکی ٹورنامنٹ کی فاتح رہی
- A سائڈ ہاکی ٹورنامنٹ میں سینئر ہاکی ٹیم کی تیسری پوزیشن

## فٹ بال

- PFF فٹ بال کپ، منعقدہ لاہور میں دوسری پوزیشن

## شطرنج

- اولمپیاڈ، آذربائجان میں منعقدورلڈ چیس ماسٹر ایوارڈ جیتا

## اسنوکر

- NBP رینکنگ اسنوکر چیمپیئن شپ 2016 جیتی

## بیڈمنٹن

- انٹرنیشنل بیڈمنٹن چیمپیئن شپ میں خواتین کے سنگل اور ڈبل کے مقابلے میں فاتح
- انٹرنیشنل بیڈمنٹن چیمپیئن شپ میں مردوں کے سنگل اور ڈبل کے مقابلے میں فاتح
- قومی بیڈمنٹن چیمپیئن شپ 2016ء میں NBP کی مردوں کی ٹیم، ٹیم ایونٹ میں دوسرے نمبر پر رہی
- قومی بیڈمنٹن چیمپیئن شپ 2016ء میں NBP کی خواتین کی ٹیم، ٹیم ایونٹ میں دوسرے نمبر پر رہی
- قومی بیڈمنٹن چیمپیئن شپ 2016ء کی فاتح







# کلچر کی ترویج



NBP پاکستان میں قومی اور مقامی کلچر کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہا ہے اور اس سلسلے متعدد پروگرامز منعقد کیے ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

- سیفٹی آف جرنلسٹس اینڈ کمبیٹنگ ایمپیونٹی پر کراچی میں کانفرنس
- کنول چایلڈ ابیوز پریونشن سوسائٹی چیئرٹی ڈرامہ، کراچی۔
- جمشید میموریل ہال کراچی میں تھیٹر
- میک بلیو(Make Believe)پروڈکشن کا تھیٹریکل پلے، کراچی
- نیب سکھر کی منعقدہ انٹرنیشنل اینٹی کرپشن ڈے سیمینار اور آگاہی واک
- ہیومن رائٹس سوسائٹی آف پاکستان (HRCP) کے "لائف ٹائم ایوارڈ" کی تقسیم
- لوئیس بریلے ٹیلنٹ آرگنائزیشن کا "اسپیشل چلڈرن منتھلی"
- قائداعظم گولڈ کپ سائیکل ریس، کراچی
- سندھ پولیس کے اشتراک سے ٹریفک کے قوانین سے آگاہی واک
- انسدادِ تمبا کونوشی اور عادت پر سیمینار اور لیکچر
- اعتزاز حسن کے جان پر کھیل کر بڑی دہشت گردی روکے جانے پر بننے والی فلم میں خرچہ اُٹھایا









# خواتین اور بچّے

ہمارا یقین ہے کہ ترقی پذیر ملکوں میں غربت میں کمی کیلئے خواتین کو با اختیار بنانا بنیادی اہمیت کا حامل ہے۔ خواتین کی معاشی سرگرمیوں میں شمولیت معاشرے کی سماجی اور اقتصادی بہتری کیلئے اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ دور دراز کے چھوٹے گاؤں اور قصبوں میں خواتین اور بچے مشکل معاشی صورتحال سے دوچار ہوتے ہیں اور اس سلسلے میں NBP ان کے باعزت رہنے اور ان کی معاشرتی بہتری کیلئے اپنی مدد فراہم کرتا ہے۔ اس سلسلے میں بینک نے متعدد اقدامات شروع کیے مثلاً پیشہ ورانہ تربیت کا انعقاد، خواتین کیلئے کھیلوں کے مقابلے اور آمدنی پیدا کرنے والے آلات (equipment) کی فراہمی۔

## خواتین کے پیشہ ورانہ پروگرامز

- ایبٹ اباد، بھکر، شیخوپورہ، گلگت بلتستان، ملتان، کوئٹہ اور اسکردو میں پیشہ ورانہ تربیت کا انعقاد کیا گیا۔ ہر تربیتی پروگرام 2 ہفتے کا تھا جس میں 25 خواتین نے حصہ لیا۔ اس تربیتی پروگرام کی شریک خواتین کو سلائی اور ایمبر ائیڈری کی تربیت دی گئی اور تربیت کی تکمیل پر تمام شرکاء کو سلائی اور ایمبر ائیڈری مشینیں دی گئیں تا کہ ان کی با قاعدہ آمدنی ہو سکے۔

## کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد

- سی پاک ٹا کرا ٹیم نے 31 ویں کنگز کپ ورلڈ چیمپیئن شپ میں حصہ لیا
- پنک ربن کے زیرِ اہتمام چندہ جمع کرنے کیلئے منعقدہ فیشن شو کا خرچہ اٹھایا

## مالی سرپرستی

- مِنور وا ایجوکیشن سسٹم، کراچی کے 10 یتیم بچوں کی مدد
- بہبود ایسوسی ایشن آف پاکستان، اسلام آباد کا مینا بازار
- برٹش وومین ایسوسی ایشن چیرٹی بازار، کراچی
- ایک 14 سالہ لڑکی کو وظیفے کی فراہمی جس نے قومی شطرنج چیمپیئن شپ میں حصہ لیا تھا
- لیمو گوٹھ میں عورتوں اور بچوں کے لیے طبّی کیمپ کا انعقاد





# خصوصی افراد

کئی دہائیوں سے معذور افراد اور وہ ادارے جو ان کی نمائندگی کرتے ہیں اور اس سے تدارک کے بارے میں آگاہی سے متعلق معاملات کو ادارتی سماجی ذمہ داری سمجھا جاتا ہے۔ NBP اس سلسلے میں معذور افراد کو اعتماد اور جسمانی طور پر تندرست لوگوں کی طرح معاشرے میں زندگی گزارنے کیلئے CSR پروگرام کے تحت ضروری مدد فراہم کرتی ہے۔

## بنیادی ڈھانچے اور آلات کی امداد برائے

- اسپیشل چلڈرن اسکول، ماڑی پور، کراچی کا چلڈرن پروگرام
- FESF کراچی کا ڈیف ریچ اسکول
- ریوویلفیئر ایسوسی ایشن فار بلائنڈ، کراچی کے 5 بچوں کی کفالت کی ذمّہ داری
- پاکستان ایسوسی ایشن فار بلائینڈ، کراچی
- خصوصی بچوں کا شعبہ، گورنمنٹ کالج آف ہوم اکنامکس، لاہور

## وہیل چیئر، تین پہیوں کی سائیکل اور نابینا افراد کے لیے سفید چھڑی

- پاکستان ڈس ایبل فاؤنڈیشن، کراچی
- کراچی امید Emdemt لیونگ سینٹر کو تین پہیوں کی سائیکل
- ماچ ڈیولپمنٹ فاؤنڈیشن، گھوٹکی
- ڈس ایبلڈ ویلفیئر ایسوسی ایشن، خیرپور
- ایسوسی ایشن فار ری ہیبلیشن آف فزیکلی ڈس ایبلڈ

## خصوصی بچوں کے لیے کھیلوں کی سرگرمیاں

- ساتواں NBP وہیل چیئر کرکٹ ٹورنامنٹ، اسلام آباد
- T-20 بلائنڈ کرکٹ ٹورنامنٹ، بھاولپور اور کوئٹہ
- پنجاب کے معذور افراد کے لیے لاہور میں پاورلفٹنگ چیمپیئن شپ








# تعلیم



بینک سمجھتا ہے کہ تعلیم ملک میں معاشی ترقی اورغربت کے خاتمے میں انتہائی اہم کردارادا کرتی ہے۔ان مقاصد کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے بینک ملک میں تعلیمی معیار میں اضافے کیلئے اپنی سماجی ذمہّ داری ادا کر رہا ہے۔سالانہ بنیاد پر تعلیم دینے والے اداروں کا تعلیم اور دیگر فنّی مہارتوں کو دینے کی اہلیت کا اندازہ کرنے کو بعدان کی مالی مدد کی جاتی ہے اور مالی طور پر مجبور طلباء کی بھی مدد کی جاتی ہے۔سال 2016ء میں  وظائف اور تعلیمی اداروں کو گود لیے جانے کی تفصیل درج ذیل ہے

| وظائف | تعداد |
|---|---|
| پیشہ ورانہ تعلیم فاؤنڈیشن | 20 |
| سرگودھیئن اسپرٹ ٹرسٹ | 10 |
| سکھر IBA | 15 |
| WISE کالج،،لاہور | 3 |
| نمل کالج، میانوالی | 5 |
| سندھ مدرستہ الاسلام یونیورسٹی، کراچی | 20 |
| TCF نوشہرہ، KPK، تمام کلاسوں کا سال کا خرچ | |
| ہائی اسکول، تحصیل پازا، بلوچستان | متعدد |


| توسیع، آلات اور تعلیمی پرگرامز |
|---|
| ڈیولپمنٹ اور ریسرچ، حبیب یونیورسٹی، کراچی |
| موٹیویشنل والنٹیئر امپاورمنٹ پروگرام، لاہور بذریعۂ فیملی ایجوکیشنل سروس فاؤنڈیشن |
| 88 یتیم خانے طلباء کیلئے، روشنی ہومز ٹرسٹ، لاہور |
| ساتویں قومی کتاب دن کی تقریب |
| نوجوانوں کیلئے LUMS، لاہور میں ورکشاپ |
| "ہوپ ماڈل یونائٹڈ نیشن" نامی ورک شاپ کی مالی سرپرستی |










# صحت



NBP نے ملک میں صحت کے معیار میں بہتری لانے کے لیے مختلف NGOs اور صحت کے اداروں کے ساتھ شراکت داری کی ہے اور طبّی (medical)، آنکھوں اور ناسور (fistula) کے علاج کیلئے پاکستان بھر میں دور دراز علاقوں میں متعدد کیمپس کا انعقاد کیا ہے۔ NBP صحت کے بنیادی ڈھانچے میں توسیع کیلئے بھی بہت سے ہسپتالوں اور تنظیموں کی مالی مدد کرتی ہے۔




## بینک کی جانب سے 2016ء میں صحت کے شعبے میں لیے گئے اقدامات

- 3 دن کا ایک طبّی کیمپ، پشین، بلاچستان
- میری اڈیلیڈ لپروسی سینٹر، کراچی کے خواتین کے وارڈ کو گود لیا
- المدد ویلفیر سوسائٹی، سمن گوٹھ، کراچی کے لیے دواؤں کی خریداری کیلئے رقم کی فراہمی
- ''کھانہ گھر''، کراچی کے ذریعے کھانے کی مفت تقسیم
- اسلام آباد میں پاک- کڈنی انسٹیٹیوٹ میں پسماندہ افراد کے ڈائیلاسس کا انتظام
- لیاری، کراچی میں رمضان فوڈ پیکیج کی تقسیم
- گلاب دیوی ہسپتال، لاہور کو آلات (equipment) کی تحفتاً فراہمی
- المصطفیٰ ٹرسٹ میڈیکل سینٹر، کراچی کو آلات (equipment) کی تحفتاً فراہمی
- افضال میموریل تھیلیسیمیا فاؤنڈیشن، کراچی میں مریضوں کی مالی مدد
- فاطمید فاؤنڈیشن، کوئٹہ کی مالی مدد
- معذوری کے خلاف جدوجہد بین الاقوامی ایسوسی ایشن، مری کی مالی مدد
- آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی میں صحت کے بنیادی ڈھانچے میں بہتری کیلئے مالی مدد
- سندھ اور پنجاب کے دوردرز علاقوں میں ہینڈ پمپس کی تنصیب
- زیارت کے گاؤں کوشکی میں پانی صاف کرنے کے الٹرا- پیوریفیکیشن پلانٹ کی تنصیب
- فردوس اتحاد کے اشتراک سے فردوس کالونی، کراچی میں طبّی کیمپ کا انعقاد
- کوہی گوٹھ ہسپتال، تھرپارکر میں 10 مستحق مریضوں کو 11 ماہ تک کھانے کی فراہمی
- NICVD، کراچی میں انفیوژن پمپس (infusionpump) کی فراہمی
- عباس انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز، آزاد کشمیر میں وہیل چیئر اور اسٹریچرز کی فراہمی

# ادارتی سماجی ذمّے داری

ادارتی سماجی ذمہ داری (CSR) NBP کی ادارتی (Corporate) پالیسی کا جزِ لازم ہے۔ ملک کے ایک معروف مالی ادارے کے طور پر NBP سماج کی فلاح کیلئے بحیثیتِ مجموعی مختلف اقدامات لے چکا ہے۔ بینک پسماندہ لوگوں کے معیارِ زندگی میں مثبت تبدیلی لانے کیلئے ایک مکمل CSR پروگرام چلا رہا ہے۔ اس کے علاوہ پہلے سے مقرّرہ شعبوں، تعلم، خصوصی افراد، خواتین اور بچوں کی متعین حدود میں ملک میں کسی قدرتی تباہی یا آفت کی صورت میں بینک ان متاثرہ لوگوں کی مدد کیلئے ہمیشہ موجود ہوتا ہے۔



